Securities and Exchange Commission of Pakistan

# Press Release

July 18, 2018
For immediate release

**ایس ای سی پی ملازمین نے ایک دن کی تنخواہ ڈیم فنڈ میں دیں گے**

اسلام آباد، جولائی 18: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ملازمین نے ایک دن کی تنخواہ ڈیموں کی تعمیر کے لئے دینے کا اعلان کر دیا ہے۔ علاوہ ازیں ایس ای سی پی نے اٹھاسی ہزار کمپنیوں پر زور دیا ہے کہ وہ ڈیموں کے تعمیر میں دل کھول کر عطیات دیں۔

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ سرکلر میں ڈیموں کی تعمیر کے لئے عدالت عظمیٰ کی جانب سے ڈیم فنڈ اکاؤنٹ قائم کرنے کے اقدام کو سراہا گیا ہے اور کمپنیوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اس قومی معاملے میں سوشل کارپوریٹ ریسپانسی بلٹی کے تحت بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

ایس ای سی پی کا کہنا ہے کہ کمپنیوں کی جانب سے ڈیم کی تعمیر میں شمولیت ملک کو درپیش پانی کے بحران کے حل میں معاون ثابت ہوگا۔ ان ڈیموں کی تعمیر نہ صرف آنے والے سالوں میں پانی کی ضرورت پوری کرے گی بلکہ اس طرح ملک میں کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہو گا جو کارپوریٹ سیکٹر کی ترقی و فروغ کا باعث ہوں گی۔ عدالت عظمیٰ نے بجا طور پر کہا ہے کہ ملک کی بقا کے لئے پانی کے وسائل اہم ہیں اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی جا رہی ہے کہ وہ دیا میر بھاشا اور مہمند ڈیموں کی تعمیر کے لئے فوری اور موثر اقدامات کریں۔ اس سلسلے میں عدالت عظمیٰ نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔